اسلامی نظام کا نفاذ کے سلسلہ میں اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

۱۰، ۱۱ر نومبر کو آپ نے اسلام آباد میں منعقدہ حج کانفرنس میں شمولیت کی اور کمیٹی نمبر ۲ کی شکل میں اپنی تجاویز و مشورے پیش کئے۔ اس اجتماع میں صدر پاکستان نے بھی شرکت کی۔

۲۰ر اکتوبر کو آپ نے تحصیل نوشہرہ کے قصبہ خویشگی مقام میں علاقہ بھر سے آئے ہوئے مشائخ و علماء اور معززین کا ایک عام اجتماع منعقد ہوا۔ مولانا سمیع الحق صاحب کو مہمان خصوصی کے طور پر مدعو کیا گیا تھا۔ آپ ۱۰ بجے تشریف لے گئے نوشہرہ کے سے خویشگی مقام تک مختلف مقامات پر علاقہ بھر سے آئے ہوئے مخلصین اور معتقدین نے جگہ جگہ جھنڈیاں لے کر آپ کا استقبال کیا۔ آپ نے خویشگی مقام میں ایک بہت بڑے اجتماع سے خطاب بھی فرمایا۔

واردین و صادرین | ۲۰ر نومبر مولانا سید ابوذر عطاء المنعم بخاری ابن امیر شریعت سید عطاء اللہ شاہ بخاریؒ دارالعلوم تشریف لائے۔ شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات کی۔ رات کا قیام دارالعلوم میں رہا۔

مولانا محمد بنوری صاحبزادہ حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ دارالعلوم تشریف لائے۔

حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے دفتر اہتمام میں ملاقات کی۔ اور کراچی کے حالات پر تبادلہ خیال کیا

اسی طرح ۲۱ر نومبر کو برما سے مولانا احمد سعید تشریف لائے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ سے ملاقات کی اور وہاں کے مسلمانوں کے مذہبی حالات اور ان سے متعلق افسوسناک حالات بیان کئے

تعزیت متعلقین | ۲۲ر نومبر کو اضاخیل بالا تحصیل نوشہرہ کے مولانا رحیم اللہ بادشاہ و مولانا شاہ اللہ بادشاہ کی والدہ ماجدہ کا انتقال ہوا۔ مرحومہ کے دونوں صاحبزادے دارالعلوم کے قابل قدر فضلاء ہیں۔ مرحومہ کا خاندان حضرت شیخ الحدیث مدظلہ کے قریبی احباب عشاق جاں نثار اور دارالعلوم کے مخلصین میں سے ہے۔ حضرت شیخ الحدیث مدظلہ نے ضعف کے باوجود اضاخیل جا کر نماز جنازہ پڑھائی۔ پسماندگان کو تسلی دلائی۔ اور مرحومہ کے لئے دعائے مغفرت کی۔

★ ۱۸ر نومبر دارالعلوم حقانیہ کے اولین مخلصین اراکین مجلس عاملہ میں جناب الحاج غلام محمد صاحب اکوڑہ میں انتقال فرما گئے۔ مرحوم حضرت شیخ الحدیث کے اولین رفقاء اور دارالعلوم کے مخلص کارکن اور خدام میں سے تھے۔ دوسرے روز صبح ساڑھے نو بجے دارالعلوم کے مغربی جانب عیدگاہ میں حضرت شیخ الحدیث نے نماز جنازہ پڑھائی اور ان کی خواہش پر دارالعلوم کے قبرستان میں ان کی تدفین ہوئی۔

★ میرپور خاص سندھ میں الحق کے قدیم و اولین ناشر جناب حاجی امید علی صاحب وفات پا گئے عرصہ سے الحق اور دینی جرائد کی اشاعت میں اخلاص سے مصروف رہے۔ قارئین سے دعا کی درخواست ہے۔

خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے۔ اپنا پتہ صاف اور خوشخط تحریر فرمائیے۔ (ادارہ)